

Socialism
THE REPUBLIC
DAS KAPITAL
FACISM
The Third Reich
تلخ نوائی
فخر الدین کیفی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تلخ نوائی

فخرالدین کیفی

Ñ

رکھیو غالب مجھے اس تلخ نوائی میں معاف
آج کچھ درد مرے دل میں سوا ہوتا ہے

تلخ نوائی

کالموں کا مجموعہ جن میں کچھ اشاعت شدہ ہیں۔ کچھ منتظر اشاعت اور کچھ ناقابلِ اشاعت۔۔

اشاعت شدہ۔۔۔ نوائے وقت کے مرہونِ منت ہیں

منتظر اشاعت۔۔۔ابھی زیور طباعت سے آراستہ نہیں

ناقابل اشاعت۔۔اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ اخلاق سے گرے ہوئے ہیں بلکہ۔۔۔۔

اخبار کی پالیسی سے ہم آہنگ نہیں۔ یہ ہی کالمز تو۔وجہء 'تلخ نوائی' ہیں۔

فخرالدین کیفی



نام کتاب	:	تلخ نوائی
مصنف	:	فخرالدین کیفی
ای میل	:	kaifys@yahoo.com
		D-97۔میر خان کالونی آٹو بھان
		روڈ لطیف آباد نمبر 12 حیدر آباد سندھ
موبائیل	:	0333-2107138
سرورق ڈیزائن	:	جازبہ صدیقی
ناشر	:	ارسلان زبیر برادرز
		۱۷۔ریورروڈ ڈبلن آئرلینڈ
سن اشاعت	:	نومبر ۲۰۱۰
قیمت	:	۳۵۰روپے

انتساب

بانیء پاکستان **قائداعظم محمد علی جناحؒ** کے نام

☆ جنہوں نے نہ صرف اپنا تن من بلکہ دھن بھی پاکستان کے لیئے وقف کر دیا

} یہ اور بات کہ بعد والوں نے اپنا تن من بچایا اور دھن کمایا

☆ جنہوں نے کورٹ میرج کی بجائے پہلے غیر مسلمہ کو مسلمان کیا پھر نکاح کیا

} یہ اور بات کہ نام نہاد مولوی انہیں کافر گردانتے رہے

☆ جنہوں نے غیر مسلم سے شادی کرنے پر اپنی اکلوتی بیٹی سے ناطہ توڑ لیا

} یہ اور بات کہ بعد والے انہیں سیکیولر ثابت کرنے پر تلے ہوئے ہیں

فخرالدین کیفی

خودنوائی ---- 'کالم نگار' درمدح خودمی گوید
('کالم نگار' اپنی تعریف میں خود کہتا ہے)

مجموعہء کالمز (COLUMNS) ---آخر کیوں؟

کالم ہے تو انگریزی کا لفظ لیکن اردو میں بالکل اس طرح استعمال ہو رہا ہے جیسے گلاس (GLASS)! اس سے یہ مطلب نہیں کہ پانی پینے کے لیئے استعمال ہو رہا ہے۔ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ اب یہ اسٹیشن یافٹ پاتھ وغیرہ کی طرح، اردو کا ہی لفظ بن گیا ہے۔ اس کی جمع 'کالمز' ہم جیسے جاہل ہی لکھتے ہیں ورنہ 'کالموں کا مجموعہ' مستند ہے۔ اس تمہید کے بعد عنوان کی طرف آتے ہیں کہ آخر کالمز ہی لکھنے کی کیا ضرورت تھی اور لکھ بھی دیئے تھے تو کالموں کو کتابی شکل دینے کیوں بیٹھ گئے۔ اس کی وجہ مختصراً ہم اپنی پہلی مطبوعہ کتاب ''ایک غیر مطبوعہ کتاب'' میں بیان کر تو چکے ہیں مگر ضروری تو نہیں کہ وہ کتاب آپ کی نظروں سے بھی گذری ہو اس لیئے اب ذرا تفصیلاً عرض کریں گے لیکن اس سے پہلے ایک راز کی بات!!

ہم دوائیوں کی کمپنی میں ملازم تھے دوائیوں کے معاملے میں ایک اصول ہے جس پر ہر میڈیکل اسٹور کو کاربند رہنے کی تلقین کی جاتی ہے کہ جو اسٹاک پہلے آئے اسے پہلے بیچا جائے

اسے 'FIFO' کا اصول کہتے ہیں یعنی فرسٹ ان فرسٹ آؤٹ (first IN first OUT) کیونکہ ایسا نہ ہو کہ پہلے آنے والی دوا پڑی رہ جائے اور ایکسپائر ہو جائے جبکہ ٹرینوں کا معاملہ دوسرا ہے وہاں اسٹیشنوں پر بعد میں پہنچنے والی گاڑی کو پہلے روانہ کیا جاتا ہے جس کی وجہ بھی ظاہر ہے کوئی تکنیکی ہی ہوگی۔ اس اصول کو 'FILO' کہتے ہیں یعنی (First IN last OUT) ہمارا اور ہماری کتابوں کا معاملہ نہ 'Fifo' ہے نہ 'Filo' ہے۔ کونسی پہلے لکھی گئی اور کونسی پہلے چھپی، اس میں ان میں سے کسی بھی اصول کی پاسداری نہیں کی گئی بلکہ ہماری اپنی مجبوری ہی ہمارا اصول بنی۔ اس کے علاوہ ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اپنی کسی بھی کتاب کے لیئے ہم

نہیں کہہ سکتے کہ پہلی کونسی ہے۔ جو پہلے شروع کی تھی وہ اب تک اختتام پذیر نہیں ہوئی۔ جبکہ تین کتابیں ساتھ ساتھ (simultaneously) لکھی جاتی رہیں اور پھر پہلے اختتام پذیر ہونے والی کتاب کو پہلے شائع ہونے کا شرف حاصل ہوا۔ ویسے یہ اور بات کہ اس مجموعے میں شامل کالم کافی عرصہ پہلے سے اخبار میں شائع ہو رہے ہیں اور ان کو کتابی شکل میں شائع کروانے کے لیئے ان کی سنچری کا انتظار رہا، وگرنہ 'تلخ نوائی' کو پہلی کتاب ہونے کا شرف حاصل ہوسکتا تھا۔

اپنے کالموں کو کتابی شکل دینے کی کئی وجوہات ہیں۔ ایک تو یہ کہ ان کالموں کے نوائے وقت میں شائع ہونے سے ہماری ہمت افزائی ہوئی جس کے نتیجے میں دوسری کتابوں پر کام کرنے میں تیزی آ گئی ورنہ ہم تو دلبرداشتہ ہو کر لکھنے لکھانے سے تائب ہو رہے تھے۔ ہم نے اپنے مضامین، کالم، اشعار وغیرہ مختلف اخبارات کو بھجوائے لیکن کہیں سے کوئی جواب تک نہیں آیا۔ ایسے میں قدرت خدا کی کہ نوائے وقت کے عثمان اجمیری سے ملاقات ہوئی اور ان کے مشورے سے دو تین کالم اور مضامین جناب مجید نظامی صاحب کو ارسال کر دیئے وہاں سے جو جواب آیا وہ ہمارے لیئے باعث افتخار تھا کیونکہ نظامی صاحب نے نہ صرف تعریف کی بلکہ ہمارے مضامین ریزیڈنٹ اڈیٹر نوائے وقت کراچی، جناب سعید خاور صاحب کو بھجوا دیئے اور ہمیں ان سے رابطے کے لیئے کہا۔ نظامی صاحب کا خط ہم اس مضمون کے آخر میں شامل کر رہے ہیں۔ جو خوشی ہمیں یہ خط پا کر ہوئی تھی ویسی ہی خوشی ہمیں جناب ڈاکٹر عبدالقدیر خان کے ایس ایم ایس سے حاصل ہوئی جو انہوں نے ہماری کتاب 'ایک غیر مطبوعہ کتاب' کی تعریف میں بھیجا تھا۔ مشتاق احمد یوسفی حساب میں کم فہمی کو اپنے مسلمان ہونے کی دلیل سمجھ سکتے ہیں تو ہم بجا طور پر جناب ڈاکٹر صاحب اور جناب نظامی صاحب کی تعریفی اسناد کو اپنے مصنف اور کالم نگار ہونے کی دلیل سمجھ سکتے ہیں۔ (خوش فہمی کی بہترین مثال)

دوسری وجہ یہ ہے کہ کئی کالمز بوجہ اخبار میں جگہ نہ پا سکے۔ شائد پالیسی آڑے آتی ہو یا اخبار میں لکھنے والے زیادہ اور جگہ کم ہو۔ کئی کالمز ایسے بھی ہیں جو شائع تو ہوئے لیکن وقت گزرنے کے بعد۔ اس لیئے وہ کوئی تاثر نہ چھوڑ سکے۔ اب چونکہ کئی کالم شائع نہیں ہوئے اور جو شائع ہوئے وہ صرف نوائے وقت کے قارئین ہی کی نظروں سے گزرے ہونگے اس لیئے ہم انہیں کتابی شکل دے رہے ہیں، تا کہ زیادہ سے زیادہ لوگ ان سے استفادہ حاصل کرسکیں۔ (خوش فہمی کی دوسری بہترین مثال ورنہ جن صاحبان کے ذوقِ نظر کے لیئے ہم نے اپنی پہلی کتاب نذر کی تھی ان میں سے بیشتر حضرات سال گذرنے کے باوجود اب تک عدیم الفرصت ہیں اتنے کہ شکریہ تو در کنار، کتاب ملنے کی رسید تک نہیں دی)۔

ایک بات اور اگر آپ اسے خود ستائی نہ سمجھیں تو ہمارا ذاتی خیال ہے (ذاتی خیال کی کیا اہمیت ؟) کہ ہمارے کالم کسی بھی مستند کالم نگار کے کالموں سے کسی طور کم نہیں (لکھنے میں کیا حرج ہے)۔ آخر میں ہم عرض کریں گے کہ ہمارے کالم محب وطن پاکستانی مسلمانوں کے لیئے ہیں جو قائداعظمؒ اور نظریہء پاکستان کے حامی ہیں۔ آمریت کے مخالف ہیں اور لوٹ کھسوٹ والی جمہوریت کی مذمت کرتے ہیں۔ جو آوازِ خلق کو نقارہء خدا نہیں سمجھتے کیونکہ ایسا سمجھا گیا ہوتا تو ۳۱۳، ہزاروں کے آگے گھٹنے ٹیک دیتے۔ بہر حال یہ تو طے ہے کہ دوسری طرح کے لوگ تو ہمارا انتساب دیکھ کر ہی اس کتاب سے دور رہیں گے۔۔

فخرالدین کیفی ۲۰ اگست ۲۰۱۰ء

چند گذارشات

قارئین۔ گذارش ہے کہ اس مجموعے کی اشاعت سے ہمیں کسی کی بھی دل آزاری مقصود نہیں۔ اگر کہیں ہمارے سیاسی خیالات آپ کے سیاسی خیالات سے متصادم ہوں تو درگذر کر کے فقط کالم کی ٹریٹمنٹ، الفاظ کی بندش اور زبان کے استعمال کے ساتھ ساتھ ہماری نیک نیتی کو ملحوظ خاطر رکھا جائے۔ ہمیں یہ کہنے میں عار نہیں کہ ہم نے کالم کو اپنی بات کہنے کا ایک بہانہ بنایا ہے۔ بالکل اس طرح جیسے ایک مصنف کسی رومانی کہانی کو اپناتا ہے یا سراغرسانی کو۔ کوئی آپ بیتی کو یا پھر سفرنامے کو۔ مقصد اپنا پیغام پہنچانا ہوتا ہے ورنہ عوام کو کسی کی آپ بیتی سے یا سفر سے کیا مطلب؟

اس گزارش کے بعد، اس ہی عنوان کے تحت، ہم نے سوچا، کیوں نہ کچھ عرض بھی کر دیا جائے۔ تو عرض ہے کہ


☆۔ ہم نے اس کتاب کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا ہے۔ پہلے حصّے میں ہمارے ان کرم فرماؤں کے تاثرات ہیں جو انہوں نے اپنی تمام تر مصروفیات کے باوجود ہمیں ارسال کیے ہیں۔

☆۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس نے ہمیں عاجزی اور انکساری عطا کی ہے ورنہ ان تاثرات کے بعد تو ہمارا دماغ آسمان پر بھی پہنچ سکتا تھا اور ہم عرض کرنے کی بجائے فرمانے لگتے اور راندہء درگاہ ہوتے۔

☆۔ دوسرے حصّے میں وہ کالم ہیں جو نوائے وقت میں شائع ہوتے رہے ہیں۔ ایک دو کالم دوسرے جریدوں میں بھی شائع ہوئے ہیں۔ کچھ کالم ایسے بھی ہیں جو، اب تک زیور طباعت سے آراستہ نہیں ہوئے اس لیئے ان کی طباعت کا اہتمام اس مجموعے کے ذریعے ہم نے خود کر لیا ہے

☆۔ دونوں حصّوں میں تاثرات اور مضامین کی ترتیب کے لیئے ہم نے ایک اصول اپنایا ہے اور اس پر قائم ہیں۔ ان سیاستداں مولانا کی طرز کا اصولی موقف نہیں اپنایا کہ ایک حصّے میں کچھ دوسرے میں کچھ اور۔ ہمیں یقین ہے کہ ہمارے اصول پر کاربند رہنے کو ضرور سراہا جائے گا۔ ورنہ اس دور ابتلا میں کیسے اصول اور کہاں کے وعدے!!

☆۔ ہم نے پہلے حصّے میں اپنے کرمفرماؤں کے تاثرات کی ترتیب، موصول ہونے کی تاریخ کے تحت کی



Daily Nawa-i-Waqt

روزنامہ نوائے وقت

Nipco House, 4-Shahrey Fatima Jinnah, Lahore(Pakistan)
Phones: 111-222-007, 6302050, 6367551-54
FAX:(042) 6367583, Grams: NAWAAGENCY Lahore P.O. Box 2055

نمبر 7523



مکرمی!

سلام مسنون!

آپ کی دلچسپ تحریریں موصول ہوئیں۔ قارئین کی دلچسپی کے لئے روزنامہ نوائے وقت کراچی کو برائے اشاعت ارسال کی جارہی ہیں۔ آپ اس ضمن میں کراچی میں نوائے وقت کے ریذیڈنٹ ایڈیٹر مسٹر سعید خاور سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ شکریہ

احقر

(مجید نظامی)

جناب فخرالدین کیفی،
97۔ڈی، آٹو بھان،
لطیف آباد 12،
حیدرآباد

کاپی: مسٹر سعید خاور، (11 صفحات پر مشتمل مواد برائے اشاعت)
ریذیڈنٹ ایڈیٹر، کراچی

A PUBLICATION OF NIDAI MILLAT (PVT) LIMITED

Pakistan's premier independent and most influential national daily
simultaneously published from Lahore, Karachi, Islamabad & Multan

Karachi
Block No.1, Phase-6, Khayaban-e-Shamsher, DHA.
Phones: 111-222-007, 5843720-23

Multan
59-Abdali Road.
Phones: 111-222-007, 540571-74

Islamabad
7-Mauve Area, Zero Point.
Phones: 111-222-007, 2202641-44

ہے ۔یعنی جومحبت نامہ پہلے آیا، وہ پہلے پیش کر دیا۔ یہ بھی ہوسکتا تھا کہ بلحاظ سنیاریٹی رکھتے لیکن اس میں قباحت تھی کون سینئیر ہے ۔اس ہی طرح کالموں کی ترتیب بھی ان کی تاریخِ پیدائش کے تحت ہے نہ کہ شائع ہونے کی ۔(اس کی ایک وجہ یہ بھی رہی کہ کئی کالم پہلے بھجوائے لیکن شائع بہت بعد میں ہوئے)

☆ ۔ہم نے اس کتاب کے فارمیٹ میں کہیں کہیں مروجہ طور طریقوں سے اجتناب بھی برتا ہے جس کے لیئے ہم ادبی حلقوں سے معذرت خواہ ہیں ۔اس کی وجہ ہماری خودسری نہیں بلکہ ہماری علم و ادب سے ناواقفیت ہے ۔جس طرح بے سرا گلوکار، اپنا عیب چھپانے کے لیے پاپ (ہندی والا نہیں) سنگر بن جاتا بالکل ویسے ہی ہم نے بھی اپنی ناواقفیت کو انفرادی رنگ دینے کی کوشش کی ہے ۔

امید ہے کہ قارئین اپنی سیاسی وابستگیوں سے بالا تر ہ کر اس مجموعے کو پڑھیں گے ۔سیاستدانوں کو ہمارے کالم سے ڈرنے کی ضرورت نہیں کہ ووٹر حضرات کالم پڑھتے نہیں اور پڑھنے والے ووٹ دیتے نہیں ۔ویسے ہمارے اندر کے بغلول کا بھی یہ ہی کہنا ہے کہ ووٹ بینک کسی کے کہنے سے ٹوٹتے ہیں نہ بنتے ہیں ۔ووٹر بھی وہی ہوتے ہیں امیدوار بھی وہی ۔بس ہوتا وہی ہے جو نتیجہ بنانے والے چاہتے ہیں ۔ یہ ہی وجہ ہے ہر الیکشن کے بعد تبدیلی آجاتی ہے ورنہ ۔۔ واللہ اعلم

فخرالدین کیفی

کہتے ہیں کیا تجھے ۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔ دانشورانِ قوم :۔

جناب ڈاکٹر عبدالقدیر خان، محسن پاکستان



جب جناب فخرالدین کیؔفی کے چند کالم پڑھے تو میں ان سے بہت متاثر ہوا۔ یہ نہایت سلیس، سادہ اور شستہ زبان استعمال کرتے ہیں۔ کوزہ میں دریا بند کر دیتے ہیں۔ان کی تحریروں میں پاکستان اور پاکستانی عوام سے بے انتہا محبت کی جھلک نظر آتی ہے ۔ وہ زہر ہلاہل کو کسی قیمت پر بھی قند نہیں کہتے اور اپنا ضمیر صاف رکھتے ہیں ۔عموماً کالم نگار کسی چھوٹی بات کو دُم چھلے لگا کر پیچیدہ بنا دیتے ہیں ۔فخرالدین کیفی صاحب بڑی بات کو مختصر الفاظ میں بیان کر کے آپ کی توجہ کو اس طرح مبذول کر لیتے ہیں کہ کالم ختم کیئے بغیر آپ کی تسکین نہیں ہوتی ۔



جناب سعید خاور ۔

ریزیڈنٹ اڈیٹر نوائے وقت کراچی

اچھی تحریر کا وصف یہی ہے کہ پڑھنے والے کو اپنی گرفت میں لے لیتی ہے اور آنکھوں کے راستے روح کے پاتال میں اتر جاتی ہے اور اندر کے سارے موسم بدل جاتے ہیں ۔کیفی صاحب کے کالم پڑھنے کے بعد کچھ یہی کیفیت مجھ پر بیت گئی ۔ یہ کیفی صاحب کی تحریروں کی اثر انگیزی تھی جس سے میں خود کو محفوظ نہ رکھ سکا ۔



جناب ڈاکٹر معین قریشی کالم نگار

روزنامہ ڈان، دی نیوز اور نوائے وقت

فخرالدین کیفی کے پاس اپنے خیالات کے ابلاغ کے لیے موضوعات کی کمی ہے نہ الفاظ کی۔ان کے موضوعات میں تنوع پایا جاتا ہے۔وہ بیک وقت سیاست،معیشت اور معاشرت پر کامیابی کے ساتھ لکھ رہے ہیں۔کبھی کبھار کسی مطبوعہ خبر کا حوالہ بھی دیتے ہیں تو ضمناً، ورنہ وہ عام طور پر رجحانات و میلانات پر لکھتے ہیں جو شاذ و نادر ہی بدلتے ہیں۔اپنے کالموں کو بوجھل پن سے بچانے کی غرض سے کیفی بسا اوقات لطائف سے بھی کام لیتے ہیں۔آج کی اصطلاح میں ان کے بعض لطائف بہت ''بولڈ'' ہوتے ہیں۔البتہ جب وہ کوئی شعر استعمال کرتے ہیں تو اس کی صحت کی فکر اپنے قاری پر چھوڑ دیتے ہیں۔



جناب انوار احمد علوی

مدیر ادبیٔ مزاح پلس کراچی

ہم بجا طور پر کہہ سکتے ہیں کہ کیفی کی کالم نگاری میں متوجہ کرنے کی خصوصیت پائی جاتی ہے۔وہ چھوٹے چھوٹے بامعنی جملوں سے کالم کو دلچسپ بنا کر قاری کی توجہ بہ آسانی اپنی طرف مبذول کروا لیتے ہیں۔پھر اِن کے اِس عجلت میں لکھے گئے ادب میں بھی، فکر و فن کے ساتھ، زبان و بیان کی خوبیاں موجود ہیں۔وہ محض تفریحِ طبع کے لیے نہیں لکھتے، اصلاحِ معاشرہ کے لیے لکھتے ہیں۔



جناب معراج جامی،

مدیر منتظم ماہنامہ پرواز لندن و سہ ماہی ارتباط استنبول

کیفی صاحب پیشہ ور کالم نگار نہیں ہیں۔وہ ایک حساس دل انسان ہیں جو ہر اچھے عمل پر خوش اور بُرے عمل پر رنجیدہ ہوتے ہیں۔وہ دین دار بھی ہیں اور محب وطن بھی۔اس لیے وہ حکمرانوں کی عیاشی، اداروں کی نااہلی، سیاست دانوں کی کم ظرفی، علمائے سو کی مکاری، محافظوں کی لاپرواہی، صحافیوں کی چشم پوشی اور عوام کی ازلی بے وقوفی پر کڑھتے رہتے ہیں۔کیوں کہ وہ اس سے زیادہ کچھ کر بھی نہیں سکتے۔ہم بھی ارباب اقتدار کے ہر فعلِ بد، پر زبانی احتجاج کرتے ہیں، اپنا خون کھولاتے ہیں، اللہ سے ایسے وطن فروشوں کے جہنم واصل ہونے کی دعا کرتے رہتے ہیں۔



جناب معین کمالی۔

سینئر صحافی ادیب و کالم نگار

کیفی کے کالموں میں ایک خوبی یہ بھی ہے کہ یہ فقط کالم خانہ پری کے لیئے نہیں لکھتے۔بلکہ ان کے ہر کالم میں کوئی نئی بات، کوئی نیا پیغام تو ہوتا ہی ہے لیکن مزے کی بات یہ ہے کہ کوئی پرانی کہانی، کوئی لطیفہ یا کوئی شعر اس طرح کالم کی زینت بنتا ہے کہ قاری کو یاد ماضی کی ساری چھلکیاں نظر آنے لگتی ہیں۔کبھی کوئی کہاوت تو کبھی کسی پرانی فلم کا کوئی سین۔کبھی تاریخ کا کوئی بھولا بسرا کردار اس طرح سامنے آتا ہے کہ معلوم ہوتا کہ یہ بدکردار تو اب بھی زندہ ہے۔

جناب عثمان اجمیری۔

سینئر صحافی و بیورو چیف روزنامہ نوائے وقت



کیفی کے کالموں میں جو بات ہمیں پسند ہے وہ انکا اسٹائل ہے۔ وہ بڑی سادگی سے اپنا مدعا بیان کرنے کے لیئے کسی محاورے، کسی شعر یا کسی لطیفے کا سہارا لے کر تلخ سے تلخ بات کو بھی بڑے ہی مزیدار انداز میں لکھ دیتے ہیں۔ جب کالم شروع کرتے ہیں تو پتہ ہی نہیں لگنے دیتے کہ کالم کس کے بارے میں ہے۔ کبھی شروع میں کسی فلمی گانے کی بات کرتے دکھائی دیتے ہیں لیکن پتہ ہی نہیں چلتا کہ کب اور کیسے کالم کا رخ بدل کر حالات حاضرہ کے کسی واقع سے جا ملتا ہے۔ دوسری چیز جو ہمیں اچھی لگی وہ انکی حقیقت پسندی ہے۔ بڑی سچائی سے لگی لپٹی رکھے بغیر اپنا موقف بیان کر دیتے ہیں۔

جناب مرزا فرحت عباس چیئرمین بزم شباب



فخرالدین کیفی کے بارے میں کیا لکھوں۔ ایک اچھا شاعر یا نثر نگار! طنز و مزاح نگار لکھوں یا کالم نگار! یہ خوبیاں ایک طرف۔ اس سے بڑھ کر ان کی خوبی یہ ہے کہ وہ ایک اچھے انسان ہیں۔ شیریں گفتار خلیق و ملنسار۔ سمجھ نہیں آتی کہ ان سے ''تلخ نوائی'' کیسے سرزد ہوئی۔ ان کی پہلی مطبوعہ کتاب 'ایک غیر مطبوعہ کتاب' اگر واقعتاً غیر مطبوعہ رہ جاتی تو اردو ادب کے ساتھ بڑی ناانصافی ہوتی۔ مذکورہ کتاب ہلکے و لطیف مزاح کی چاشنی اور طنز کے نشتر کی چبھن لیئے معاشرے کی اصلاح کے لیئے ایک بہترین کاوش ہے جو پڑھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ کتاب کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے لیکن بقول کیفی۔ 'میرے لیئے اس کتاب کے شائع ہونے سے زیادہ خوشی

کا باعث ڈاکٹر عبدالقدیر خان کا یہ جملہ "its a thought proving book" ہے جو انہوں نے کتاب کے بارے میں SMS پر ارسال کیا تھا



جناب امین جالندھری

کیفی کے کالموں میں آپ اپنے عصر، اخلاقی اقدار، حکومتی نظائر اور طریق سیاست کے چکر دار ان گنت دروازوں، امکانات، مفادات اور خوشامد پسندی کے احوال سے واقف ہوتے چلے جائیں گے۔ کیفی نے ایک درد مند، حساس مخلص قلم کار ہونے کے ناطے پاکستان سے اپنی محبت کو واشگاف الفاظ میں بیان کیا ہے کہ دل درد سے بھر آتا ہے۔ کیفی کے کالموں میں آپ اپنے اسلاف کے کارناموں۔ خدمتوں اور تہذیبی اور تمدنی رویوں سے شناسائی پائیں گے اس لیے کہ کیفی کے دل و دماغ پر، اس کے جسم کی ہر نس نس میں صرف محبت سمائی ہوئی ہے۔

Daily
Nawa-i-Waqt
A Division Of Nida-i-Millat (Private) Limited

نوائے وقت

Karachi: Defence Hocky Stadium Khayaban-e-Shamsheer, Phase V, DHA, Karachi-75500 Tel: 584 3729, Fax: 585 4325, 583 4932

سماج کے لئے آئینہ

ٹھنڈی شاموں کے شہر حیدرآباد کے سخن ور فخر الدین کیفی صاحب سے میرا تعارف بھائی عثمان اجمیری کے توسط اور کیفی صاحب کی تحریروں کے حوالے سے ہوا۔ وہ نوائے وقت کے لئے کالم لکھنا چاہتے تھے۔ اور عثمان اجمیری صاحب نے ان کے بھرپور پس منظر کے ساتھ ان کے چند کالم بھی بھجوائے تھے۔ عثمان اجمیری صاحب کے توصیفی کلمات سنے اور کیفی صاحب کے کالم پڑھنے کے بعد میرے پاس انکار کی کوئی گنجائش نہیں تھی کہ میں ان کی تحریریں نظر انداز کرسکوں۔ اچھی تحریر کا وصف یہی ہے کہ وہ پڑھنے والے کو اپنی گرفت میں لے لیتی ہے اور آنکھوں کے راستے روح کے پاتال میں اتر جاتی ہے اور اندر کے سارے موسم بدل جاتے ہیں۔ فخر الدین صاحب کے کالم پڑھنے کے بعد کچھ یہی کیفیت مجھ پر بیت گئی۔ یہ فخر الدین کیفی صاحب کی تحریروں کا اثر انگیزی تھی جس سے میں خود کو محفوظ نہ رکھ سکا۔ کالم نگاری ہر لکھنے والے کے بس کی بات نہیں لیکن فخر الدین کیفی صاحب نے اپنی شستہ زبان، منفرد اسلوب، حقائق نگاری اور مقصدیت کے ذریعے اس صنف کو اعتبار بخش دیا ہے۔ اگر میں جان کی امان پاؤں تو عرض کروں کہ آج کل کالم نگاری دکانداری ہو گئی ہے، ہمارا مقصد کسی کو ہر وقت خوش رکھنا اور کسی کے خلاف ہر حال میں صف آرا رہنا رہ گیا ہے، عام طور پر کالم نگار ذہنی تعطل اور کوتاہ بینی کا شکار ہو گئے ہیں۔ بیشتر کالم نگاروں کے ہاں اب مقصدیت کا عنصر باقی نہیں رہا، انہوں نے اپنی تحریروں کا دائرہ محض کسی کی توصیف یا کسی پر تنقید تک محدود کرلیا ہے جو کالم نگاری کی شان کے منافی ہے کیفی صاحب کو خراج تحسین پیش کرنا پڑے گا کہ انہوں نے کالم نگاری کی روح سے بغاوت نہیں کی۔ اپنے سیاسی اور سماجی عقائد سے روگردانی کئے بغیر وہ بڑی سے بڑی بات اپنی تحریروں میں سمجھانے کی صلاحیت رکھتے ہیں

کیفی صاحب کے کالموں کی ایک اہم خوبی تو یہ ہے کہ یہ محب وطن ہیں اور اپنی تحریروں میں بھی وطن پرستی کا فرض ادا کرتے رہتے ہیں۔ وہ سندھ یونیورسٹی میں سرگرم طالب علم رہنما رہے ہیں، پاکستان کے کئی اچھے برے ادوار کے چشم دید گواہ ہیں، ان کا مطالعہ، مشاہدہ اور تجربہ ان کی تحریروں میں واضح طور پر جھلکتا ہے اور سماج کی فکری رہنمائی کا وسیلہ بنتا ہے اس لئے مجھے یہ لکھنے میں کوئی باک نہیں کہ ان کی تحریریں ہمارے سماج کے لئے آئینہ ہیں۔ وہ کئی کتابوں کے مصنف ہیں، اب ان کے کالموں کا ایک اور مجموعہ چھپ رہا ہے، یہ خبر میرے لئے خوشی کا باعث ہے کہ میرے بزرگ دوست فخر الدین کیفی ایک اور کتاب لا رہے ہیں، میری دعا ہے کہ خدا لکھنے والے یہ اور وہ سارے ہاتھ سلامت رکھے جو انسانیت کو اندھیروں سے نکال کر اجالوں میں لانے کے لئے برسرپیکار ہیں۔

سعید خاور

ریذیڈنٹ ایڈیٹر روزنامہ نوائے وقت کراچی

Lahore
NIPCO HOUSE,
4-Shahra Fatima Jinnah,
Lahore-54000 Tel: 636 7583,
Fax: 636 7583, 636 7616

Islamabad
NIPCO HOUSE,
7-Mouve Area, Zero Point,
Islamabad, Tel: 222 2641
Fax: 220 2645, 220 2646

Multan
NIPCO HOUSE,
53-Abdali Road, Multan
Tel: 54 5571,
Fax: 54 0565, 54 0566

DR. A.Q KHAN
N' & BAR, HI

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

0233-5213523
"Mountain View
207, Sillside Ro.
E-7, Islamabad
Pakistan.

"فخر الدین کیفی۔ ایک تبصرہ"

پنی گوناگوں مصروفیات کی وجہ سے اخبارات میں شائع ہونے والے کالم پڑھنے کا وقت مشکل سے ہی ملتا ہے مگر میں صبح سب سے پہلے اخبارات میں شائع ہونے والے تمام کالموں پر ایک نظر ضرور ڈال لیتا ہوں اور جو کالم دلچسپ نظر آتا ہے اس کی کاپی کروا کر رکھ لیتا ہوں اور پھر فرصت میں اس کا مطالعہ کر کے اپنی معلومات ور علم میں اضافہ کرتا ہوں۔ جناب عرفان صدیقی، جناب ہارون رشید، جناب عطاالحق قاسمی، جناب مجیب لرحمٰن شامی اور دوسرے معزز کالم نگاروں کے کالم ضرور پڑھتا ہوں۔

میں نے جب جناب فخر الدین کیفی کے چند کالم پڑھے تو میں ان سے بہت متاثر ہوا۔ یہ نہایت سلیس، سادہ ورشستہ زبان استعمال کرتے ہیں۔ کوزہ میں دریا بند کر دیتے ہیں۔

ن کی تحریروں میں پاکستان اور پاکستانی عوام سے بے انتہا محبت کی جھلک نظر آتی ہے۔ وہ زہر ہلاہل کو کسی قیمت پر بھی قند نہیں کہتے اور اپنا ضمیر صاف رکھتے ہیں۔ عموماً کالم نگار کسی چھوٹی بات کو دُم چھلے لگا کر پیچیدہ بنا یتے ہیں۔ فخر الدین کیفی صاحب بڑی بات کو مختصر الفاظ میں بیان کر کے آپ کی توجہ کو اس طرح مبذول کرلیتے ہیں کہ کالم کو ختم کیئے بغیر آپ کی تسکین نہیں ہوتی۔ میری تو یہی دعا ہے کہ

للہ کرے زورِ قلم اور زیادہ۔۔۔۔۔۔ آمین

ڈاکٹر عبدالقدیر خان

ڈاکٹر عبدالقدیر خان

Dr. S. M. Moin Qureshi
M.A. (Pol. Sc.) M.A. (Jour.),
LL.B, FBIM (London), Ph.D.

Hony. Professor
Deptt. of Mass Communication
UNIVERSITY OF KARACHI

Director
SINDH SOCIAL SECURITY (R)

Ex-Member Governing Body &
Chairman Literary Committee
ARTS COUNCIL OF PAKISTAN
KARACHI

Columnist
Daily "Nawa-i-Waqt", "Dawn" &
"Daily News"

Phone : (92-21) 5854366
5853666
Cell : 0300-9295077
Fax : (92 21) 5348702
Email : mrsfawspk@yahoo.com

SIDDIQ HOUSE,
39 / 1, Khayaban-e-Sahar,
Phase VI, D.H.A.,
Karachi-75500.

تجربات، مشاہدات و محسوسات کا نچوڑ

جناب فخر الدین کیفی پاکستان کے ایک سینئر کالم نویس ہیں۔ میں ان کے کالم روز نامہ ''نوائے وقت'' میں اکثر پڑھتا رہتا ہوں۔ (میں خود بھی ''نوائے وقت'' کے لیے گذشتہ بیس سال سے لکھ رہا ہوں۔) میں نے کیفی صاحب کے کالموں میں انکے تجربات، مشاہدات اور محسوسات کا نچوڑ دیکھا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ماضی سے ان کی وابستگی بہت گہری ہے اور وہ اپنی تحریروں میں اکثر اس کا اعادہ کرتے رہتے ہیں۔ حقیقت بھی یہی ہے کہ کوئی دردمند اہل قلم اپنے ماضی سے کٹ کر حالاتِ حاضرہ کا کما حقہ تجزیہ نہیں کر سکتا، اس لیے کہ حال، ماضی کا تسلسل ہے۔ تاہم یہ امر خوش آئند ہے کہ کیفی 'NOSTALGIC' (ماضی پرست) نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے کالموں میں رجائیت کا تاثر ملتا ہے۔ وہ یاس کی بجائے آس کے قائل اور علمبردار نظر آتے ہیں جیسا کہ اقبال نے کہا تھا۔ ؎ ذرا نم ہو تو یہ مٹی بہت زرخیز ہے ساقی

فخر الدین کیفی کے پاس اپنے خیالات کے ابلاغ کے لیے موضوعات کی کمی ہے نہ الفاظ کی۔ ان کے موضوعات میں تنوع پایا جاتا ہے۔ وہ بیک وقت سیاست، معیشت اور معاشرت پر کامیابی کے ساتھ لکھ رہے ہیں۔ کبھی کبھار کسی مطبوعہ خبر کا حوالہ بھی دیتے ہیں تو ضمناً، ورنہ وہ عام طور پر رجحانات و میلانات پر لکھتے ہیں جو شاذ و نادر ہی بدلتے ہیں۔ ان کے کالم پڑھ کر بے ساختہ ذہن میں یہ مصرعہ ابھرتا ہے۔ ؎ وہی رفتار بے ڈھنگی جو پہلے تھی سو اب بھی ہے۔

اپنے کالموں کو بوجھل پن سے بچانے کی غرض سے کیفی بسا اوقات لطائف سے بھی کام لیتے ہیں۔ آج کی اصطلاح میں ان کے بعض لطائف بہت 'بولڈ' ہوتے ہیں۔ البتہ جب وہ کوئی شعر استعمال کرتے ہیں تو اس کی صحت کی فکر اپنے قارئین پر چھوڑ دیتے ہیں۔ ان کے قلم میں ایسی کاٹ ہے کہ قاری اس کی داد دیے بغیر نہیں رہ سکتا۔ جب وہ اپنے کسی موقف کی حمایت میں استدلالی رنگ اختیار کرتے ہیں تو اعداد و شمار کے دریا بہا دیتے ہیں جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ یا تو وہ 'ELEPHANT'S MEMORY' (ہاتھی کا حافظہ) رکھتے ہیں یا بہت اچھے ریکارڈ کیپر ہیں۔ قارئین کو اپنے نقطہ نظر سے موثر انداز میں آگاہ کرنے کے لیے اعداد و شمار بہت مدد و معاون ثابت ہوتے ہیں۔

رائے عامہ کی تشکیل میں اخباری کالموں کی اہمیت مسلمہ ہے۔ فخر الدین کیفی اس ضمن میں جو کردار ادا کر رہے ہیں وہ لائق ستائش ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ وہ اپنے کالموں کا مجموعہ شائع کرنے والے ہیں۔ میں اس کی اشاعت پر پیشگی مبارکباد کے ساتھ انھیں یہ مخلصانہ مشورہ دوں گا کہ انتخاب کا معیار سخت رکھیں۔

ڈاکٹر ایس۔ ایم۔ معین

جناب انوار احمد علوی مدیر ادبی مزاح پلس

مطبوعہ کالم!

ایک روز دفتر آ کر انٹرنیٹ کھولا تو ایک ای میل پر نظر پڑی، جو کچھ یوں تھی:

''گزارش ہے کہ ہم اپنے کالم، جو کہ 'نوائے وقت' میں شائع ہو رہے ہیں، اِنہیں کتابی صورت میں شائع کروانے کا ارادہ کر رہے ہیں۔ آپ سے استدعا ہے کہ چند الفاظ اِن کالموں کے بارے میں مرحمت فرمادیں۔ یہ جانتے ہوئے کہ آپ کا وقت قیمتی ہے، آپ کو فقط چند کالم ارسال کر رہے ہیں، تاکہ آپ اِنہیں ایک نظر دیکھ لیں۔ اُمید ہے، آپ مایوس نہیں کریں گے۔ اگر اپنی ایک عدد تصویر بھی بھجوا دیں تو کتاب کی خوب صورتی میں اضافہ ہوگا۔'' ۔۔۔۔۔۔کیفی

سوچا بھی نہ تھا کہ کبھی ہماری تصویر بھی کسی کتاب کے حسن میں اضافے کا باعث بنے گی۔۔ تفریح کا باعث تو ہو سکتی ہے!

چوں کہ ملک میں سیلاب کی بگڑتی ہوئی صورتِ حال، کراچی کے ناسدھرنے والے حالات اور ریٹائرمنٹ کے باعث گھر میں ہمارے حصص کی گرتی ہوئی قدر، مزاح لکھنے میں مانع تھی، اس لیے ہم نے جواباً عرض کیا کہ ہم آپ کے کالموں پر ضرور لکھیں گے، لیکن اِس میں کچھ وقت لگے گا۔ آپ ہمیں کوئی 'ٹارگٹ ڈیٹ' بتا دیں کہ تبصرہ کب تک بھیجنا ہے۔ 'ٹارگٹ' کا لفظ پڑھ کر کیفی گھبرا گئے، کیوں کہ 'ٹارگٹ کلنگ' کے دور میں کسی کو اَز خود 'ٹارگٹ ڈیٹ' دینا خودکشی کے مترادف تھا، لہٰذا فوراً جواب آیا: ''گزارش ہے کہ ہم آپ کو 'ٹارگٹ ڈیٹ' دینے کی گستاخی نہیں کر سکتے۔ بس یہ کہہ سکتے ہیں کہ آپ اور ڈاکٹر عبدالقدیر خان صاحب کے عنایت ناموں کا انتظار ہے، جیسے ہی ملیں گے، کتاب پریس میں چلی جائے گی'' ۔۔۔۔کیفی

ای میل پڑھ کر اندازہ ہوا کہ گھر سے باہر اَب بھی ہماری خاصی عزت ہے!

کالم نگاری خاصا مشکل کام ہے۔ روزانہ یا ہفتہ وار کالم لکھنا بچوں کا کھیل نہیں۔ پھر کالم لکھنے کے لیے موضوع یا خبر کا انتخاب بھی جوئے شیر لانے سے کم نہیں ہوتا۔ پہلے گنتی کے چند اخبار ہوا کرتے تھے۔ جس کالم نگار میں

ذراسی جان ہوتی، اُس کی شناخت بن جاتی تھی۔ اب اتنے اخبارات اور اتنے کالم نگار ہوگئے ہیں کہ کسی کے لیے اپنی شناخت کروانا مشکل ہوگیا ہے۔ اب تو مجرموں کی بھی شناخت نہیں ہو پاتی، غریب کالم نگار کو کون پہچانے گا۔ اب اُن کی پہچان کے لیے اُن کا شناختی کارڈ ہی کافی سمجھا جانے لگا ہے۔

قاری کسی کالم کی طرف یونہی متوجہ نہیں ہوتا۔ ارسال کردہ کالم پڑھنے کے بعد ہم بجا طور پر یہ کہہ سکتے ہیں کہ کیفی کی کالم نگاری میں متوجہ کرنے کی خصوصیت پائی جاتی ہے۔ وہ چھوٹے چھوٹے بامعنی جملوں سے کالم کو دلچسپ بنا کر قاری کی توجہ بآسانی اپنی طرف مبذول کروا لیتے ہیں۔ پھر اِن کے اِس عجلت میں لکھے گئے ادب میں بھی، فکر وفن کے ساتھ ساتھ، زبان وبیان کی خوبیاں موجود ہیں۔ وہ محض تفریحِ طبع کے لیے نہیں رکھتے، اصلاحِ معاشرہ کے لیے لکھتے ہیں۔ اِن کی پہلی کاوش، 'ایک غیر مطبوعہ کتاب' مختصر نویسی کی عمدہ مثال ہے۔ نثر میں 'سہلِ ممتنع' اِسی کو کہتے ہیں۔ اُن کی اِس کتاب میں ایک چھوٹا سا سبق، یا کہانی بیان کرکے اُس پر 'مشقِ ستم' کے عنوان سے مختلف سوالات داغے گئے ہیں۔ کتاب پڑھ کر ہمیں میٹرک کا اُردو کا پرچہ یاد آ گیا، جس میں ایک 'اَن دیکھا' پیراگراف دے کر اُس سے متعلق چند سوال پوچھے جاتے تھے، تاکہ طالب علموں کی اُردو زبان سے واقفیت کا اندازہ کیا جا سکے، کیوں کہ باقی سوالات کے جوابات تو وہ رَٹ کر آجاتے تھے، مگر یہاں اپنے لکھے پر پکڑے جاتے تھے! لیکن کیفی نے اِن سوالات کے پس منظر میں 'جن' کی نشاندہی کی ہے، وہ پھر بھی نہیں پکڑے جائیں گے، 'جن' جو ٹھہرے! کیفی نے عرق ریزی سے ترتیب دیے گئے، اپنے اِن سوالات کے ذریعے سے ہماری تاریخ اور معاشرے کی منظر کشی بالکل ایک مختلف انداز سے کی ہے۔ قاری ہنسنے کے ساتھ ساتھ، کچھ سوچنے پر بھی مجبور ہوجاتا ہے، اور ہمارے نزدیک ایک کامیاب مزاح نگار کا کام بھی یہی ہے ہمیں یقین ہے کہ جن پر طنز کیا گیا ہے، وہ بھی محظوظ ہوئے بغیر نہ رہ سکے ہوں گے۔ اِن اسباق سے یہ سبق بھی ملتا ہے کہ بات مختصر اور جامع ہو تو لطف دیتی ہے۔ فضول اشعار اور اقتباسات کی بھرمار تحریر کو بدمزہ ہی نہیں، بے معنی بھی کر دیتی ہے۔ جس میں لکھنے کی صلاحیت فطری ہو وہ، اِس سے گریز کرتا ہے۔ اور یہ فطری صلاحیت کیفی میں بدرجۂ اتم موجود ہے، جس کا خیال وہ پنے کالموں میں بھی رکھتے ہیں۔ کیفی کے کالموں سے چند اقتباسات پڑھنے سے پہلے، اُن کے اسلوب کو سمجھنے کے لیے یہ واقعہ سن لیں: ایک روز ہم مسجد سے نکل رہے تھے کہ ایک بزرگ کسی نوجوان سے کہنے لگے، ''بھئی، کل آپ مجھے دیکھنے کے باوجود کترا کر گزر گئے!'' نوجوان اپنے تئیں اُن سے بہت ہی ادب کے ساتھ مخاطب ہوا، ''حضرت آپ کی جاہ وقات ہے، اُس کا تقاضا یہی تھا، دراصل اُس وقت میرا حلیہ کچھ صحیح نہیں تھا۔'' بس کچھ ایسا ہی مؤدبانہ انداز فخرالدین کیفی کا بھی ہے۔ وہ بڑی شستگی اور شائستگی سے اپنے ارد گرد پائی جانے والی ناہمواریوں کی نشاندہی کرتے چلے جاتے ہیں۔ ملاحظہ ہو

- بھارت کا المیہ یہ ہے کہ اُسے اچھے پڑوسیوں کی طرح رہنا نہیں آتا، ورنہ اپنے پڑوسی ملک سے سیکھنے کے کئی مواقع ضائع نہیں کرتا۔ آج اُسے سابق صدر کے جوتے اُتروانے کے سلسلے میں جس جگ ہنسائی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، یہ اُس کی اپنی حماقت کا نتیجہ ہے۔ اگر وہ ہماری طرح اُصولوں پر کاربند رہتے ہوئے اپنے ایٹمی سائنسدان کو صدر بنانے کی بجائے نظر بند کر دیتا تو کسی کو انگلی اُٹھانے کا موقع نہیں ملتا!
- مراعات تو صدور کا حق ہوتی ہیں، اسی لیے ایک رعایت تو یہ ملی کہ اُسے آئین توڑنے کے جرم پر عدالت میں نہیں گھسیٹا گیا۔ سوچنے کی بات ہے، اگر صدر کو بھی عوام کی طرح ٹریٹ کیا جائے تو صدر بننے کے لیے کون راضی ہوگا!
- لانگ مارچ اور دھرنے، جہاں تک ہم سمجھتے ہیں، حکومتوں کو مفلوج کرنے کے لیے ہوتے ہیں، لیکن ہماری حکومت نے یہ کمال کیا کہ لانگ مارچ اور دھرنے سے کئی دن پہلے ہی خود کو مفلوج کرلیا، اور اِس کے لیے کنٹینروں کی فراہمی کی مد میں اربوں روپے کا نقصان بھی کرلیا!
- آج 16 دسمبر ہے، اس لیے ہمیں مرحوم 'مشرقی پاکستان' کی ایک فلم کا یہ ڈائیلاگ یاد آ گیا، ''اگر غریب کو مارنا ہو تو اُس کی عزت چھین لو۔۔۔ مر جائے گا، اور امیر کو مارنا ہو تو اُس کی دولت چھین لو۔۔۔ ختم ہو جائے گا!'' یہاں تو دونوں ہی داؤ پر لگی ہوئی ہیں، عزت بھی، دولت بھی!
- لوگوں کی یادداشت ٹھیک نہیں، پارٹی کی قربانیوں کو بھول جاتے ہیں، آئے دن وزراء کو یاد دلانا پڑتا ہے۔

- ایسے میں جب ہمارے دانشور اور ٹی وی کے میزبان قائد کے قد کاٹھ کو کم کرنے کی کوشش کر رہے تھے، جسونت سنگھ نے یہ کہہ کر کہ ''قائداعظم پاکستان کے نہیں، بلکہ پورے ہندوستان کے عظیم رہنما تھے اور گاندھی بھی اُنہیں قائداعظم کہہ کر مخاطب کرتے تھے،'' ہمیں شکریہ جسونت سنگھ، کہنے کا موقع فراہم کر دیا، ورنہ ہمارے اپنے تو گاندھی کو فوقیت دینے میں فخر محسوس کرتے ہیں۔ ایسے میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ اب ہمیں بیانات بھی امپورٹ کرنے پڑیں گے۔ اِس سے توازن بھی برقرار رہے گا۔ سرپلس دانشور ایکسپورٹ...اور... پاکستان اور قائداعظم کے حق میں دیے گئے بیانات امپورٹ
- جہاں اللہ کارساز ہے، تو وہیں بندہ جعل ساز ہے

قصّہ مختصر یہ کہ ہمارے ہاں اچھے لکھنے والے جعلی رونمائیوں اور پذیرائیوں کی آڑ میں گم ہو کر رہ گئے ہیں۔ اس کو اِس مثال سے سمجھ لیں۔ بینکوں میں پہلے پرافٹ بونس تمام اسٹاف ممبران کو اُن کی تنخواہ کے حساب سے دیا جاتا تھا، اس طرح سب کو کچھ نہ کچھ فائدہ ہو جایا کرتا تھا۔ اب جب سے بونس 'کارکردگی' کی بنیاد پر دیا جانے لگا ہے، بے چارے 'کام کرنے والے' اِس مراعت سے محروم ہو گئے ہیں! اِن کام کرنے والوں میں ایک ہمارے فخرالدین کیفی بھی ہیں

انور احمد علوی
مدیر ادبیٔ مزاح پلس کراچی

سید معراج جامی
مدیر منتظم ماہنامہ پرواز لندن و سہ ماہی ارتباط استنبول
شاعر و افسانہ نگار

فخرالدین کیفی صاحب کے کالم

فخرالدین کیفی صاحب ہمارے نئے دوستوں میں سے ہیں۔ ان سے پہلا تعارف بہت مختصر رہا اور تفصیلی تعارف ان کی مطبوعہ کتاب ''ایک غیر مطبوعہ کتاب'' سے ہوا۔ کیفی صاحب اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں۔ نوجوانوں کو جدید علم پڑھاتے ہیں۔ ایک دنیا دیکھے ہوئے ہیں، مہذب، تعلیم یافتہ اور معزز خاندان سے تعلق ہے۔ اس لیے ان کے دل میں اللہ، اللہ کے رسول، اللہ کی کتاب، اللہ کے احکامات اور اللہ کے بندوں کے لیے بڑا احترام ہے۔ تعلیم یافتہ اور علم کے جویا ہیں۔ مطالعہ خوب اور مشاہدہ غضب کا ہے۔ پڑھے لکھے ہیں اس لیے پڑھتے بھی خوب ہیں اور لکھتے بھی اچھا ہیں۔

کیفی صاحب پیشہ ور کالم نگار نہیں ہیں۔ وہ ایک حساس دل انسان ہیں جو ہر اچھے عمل پر خوش اور بُرے عمل پر رنجیدہ ہوتے ہیں۔ وہ دین دار بھی ہیں اور محب وطن بھی۔ اس لیے وہ حکمرانوں کی عیاشی، اداروں کی نااہلی، سیاست دانوں کی کم ظرفی، علمائے سو کی مکاری، محافظوں کی لاپرواہی، صحافیوں کی چشم پوشی اور عوام کی ازلی بے وقوفی پر کڑھتے رہتے ہیں۔ کیوں کہ وہ اس سے زیادہ کچھ کر بھی نہیں سکتے۔ ہم بھی ارباب اقتدار کے ہر فعل بد پر زبانی احتجاج کرتے ہیں، اپنا خون کھولاتے ہیں، اللہ سے ایسے وطن فروشوں کے جہنم واصل ہونے کی دعا کرتے رہتے ہیں۔ غور کرنے پر پتا چلا کہ ہم ایسا اس لیے کرتے ہیں ہم بے اختیار ہیں، اسی لیے ہم نیک ہیں۔ مگر خیر ایسا بھی نہیں ہے میں نے تو یہ جملہ از راہ تفنن کہا ہے کیوں کہ ہم جب آپس میں

حکمرانوں، سیاست دانوں، علما اور اداروں کو بُرا بھلا کہتے ہیں تو آخر میں ہماری گفتگو اس جملے پر ختم ہو جاتی ہے کہ بھائی ہم اس لیے نیک ہیں کہ ہم کو بدی کرنے کا موقع نہیں مل رہا ہے۔ کل حکومت ہمیں اپنے میں شامل کر لے تو پھر پوچھیں گے کہ اب بتاؤ کیا حال ہے۔

فخرالدین کیفی صاحب کی اسی حساسیت نے انھیں جب بہت زیادہ دل شکستہ کیا تو انھوں نے اپنے دل کی بھڑاس نکالنے کے لیے کالم کا سہارا لیا۔ اخبار نے ان کے کالموں کو پسند کیا اور وہ ہفتے میں کبھی دو بار کبھی تین بار اخبار میں ان کے کالم شائع ہونے لگے۔ کیفی صاحب کے کالم مکمل طور پر سیاسی نہیں ہوتے ہیں، بلکہ وہ معاشرے، ملک اور دنیا کے ان موضوعات پر قلم اٹھاتے ہیں اور کالم لکھتے ہیں جو خلاف عقل ہو، باعث حیرت ہو، قابل مذمت ہو یا باعث شرم۔ کیوں کہ انسان کی سرشت میں جو تجسس، تحیر، تکذیب، تکفیر اور تکبر ہے اس کا تقاضا انہی خبروں کا متلاشی اور متلذذ ہوتا ہے۔ دراصل ہمیں انسانی گوشت کی چاٹ تمام غذائی کھانوں سے کہیں زیادہ مرغوب ہے۔ اس لیے ہم ایسی خبریں ایجاد کرتے رہتے ہیں۔ کیفی صاحب ایسی ہی ایجاد کردہ خبروں کا پوسٹ مارٹم کرتے ہیں اور خبر کے اندر کے حال بتانے کے ساتھ ساتھ خبر بنانے والے کے اندر کا بھی پورا حال بیان کر دیتے ہیں۔

کالم دراصل روزمرہ کے ان واقعات، حادثات، سانحات، مشاہدات اور خیالات کا ایک مختصر مگر جامع منظرنامہ ہوتا ہے جس سے پڑھنے والوں کو نہ صرف خبر کا پس منظر معلوم ہو جائے بلکہ وہ اس پس منظر سے حقائق بھی تلاش کر لیں۔ کالم نگاری کی تاریخ کتنی پرانی ہے، میرے خیال کے مطابق کم از کم اخبار کے وجود میں آنے کے چند برس بعد یا کافی مدت بعد کالم وجود میں آیا ہوگا۔ پہلے اخبار بھی کم نکلتے تھے کہ ہر کوئی اس دریا کا شناور نہیں بن سکتا تھا۔ اسی طرح ایڈیٹر، صحافی اور خبر ساز بھی وہی لوگ ہوتے تھے جو تربیت یافتہ ہوتے تھے، فی زمانہ تو ہر شخص ہر فن مولا ہے۔ آج کا اخبار صرف دو چیزوں سے بھرا ہوا ہے، ایک اشتہارات دوسرے کالم۔ لکھنے والے بھی بھانت بھانت کے لوگ ہیں۔ ماضی میں لوگ صبح ہوتے ہی اخبار کا بے چینی سے انتظار کرتے تھے کہ فلاں کا کالم پڑھیں گے کہ دیکھیں آج وہ کیا لکھتے ہیں۔ ماضی کے کالم نگاروں نے صحافت کے ساتھ ساتھ معاشرے، حکومت، عوام اور ادب کی جس طرح خدمت کی ہے، جس طرح انھیں راہ راست پر لانے کی کامیاب کوششیں کی ہیں، آج کے کالم نگار ان اوصاف پر پورا اترتے نظر نہیں آ رہے ہیں ماسوائے چند کالم نگاروں کے۔ مگر جیسا کہ میں نے شروع میں کہا کہ کیفی صاحب پیشہ ور کالم نگار نہیں ہیں، وہ ایک مہذب اور باوقار تعلیم کے پیشے سے منسلک ہیں۔ کالم نگاری بھی ان کا شوق نہیں ہوتی اگر وہ ایک دل دردمند کے مالک نہ ہوتے۔ شریف انسان میں یہی تو خرابی ہوتی ہے کہ جب وہ پریشان ہوتا ہے، جب اسے زد پہنچتی ہے، جب وہ اپنے ملک کا بُرا حال ہوتے دیکھتا ہے، جب اسے انصاف، سچائی، محبت، خلوص اور بھائی چارے میں ملاوٹ نظر آتی ہے تو سڑکوں پر احتجاج کرنے، املاک کو آگ لگانے، توڑ پھوڑ کرنے، نعرے لگانے اور امن و قانون کو ہاتھوں میں لینے کے بجائے قلم کے ذریعے احتجاج کرتا ہے اور تاریخ میں اپنا نام لکھوا دیتا ہے کہ کل کوئی یہ نہ کہے کہ جب ظلم ہو رہا تھا تو تم کہاں تھے۔

حدیث شریف ہے کہ جب کسی کو ظلم کرتا دیکھو تو اسے ہاتھ سے روکو، ہاتھ سے نہ روک سکو تو منہ سے روکو اور منہ سے بھی نہ روک سکو تو دل میں اس کا اظہار کرو۔ کیفی صاحب ہاتھ سے تو ظلم کو روک نہیں سکتے کہ ہم سب اس فعل میں مجبور اور لاچار ہیں مگر وہ دوسرے معنوں میں ہاتھ ہی سے اس ظلم کو بُرا بھلا کہتے ہیں کہ وہ ہاتھ میں قلم پکڑ کر اس بُرائی کا اظہار کرتے ہیں۔ کیفی صاحب کے تمام کالم سیاسی نہیں ہوتے ہیں، بلکہ وہ سماجی، معاشرتی، مذہبی، اخلاقی اور تعلیمی موضوع کی ہر خبر اور واقع پر ہوتے ہیں۔

کیفی صاحب کے کالموں کی ایک خاصیت یہ ہے کہ ان کے کالم میں نہ ترشی ہوتی ہے، نہ تلخی، نہ وہ ناصح بنتے ہیں اور نہ معلم بلکہ ان کے کالم کا انداز نیم طنزیہ نیم مزاحیہ بھی ہوتا ہے اور بیانیہ بھی۔ یہ انداز، کالم کو پڑھنے میں لوگوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کراتا ہے۔ اسی لیے ملک کے ایک موقر اخبار نے ان کے کالم کو پسندیدگی کی سند دیتے ہوئے ان کے کالموں کو اپنے اخبار میں شائع کرتا ہے۔

اگر تنگیِ دامانِ کتاب آڑے نہ آتی تو میں کیفی صاحب کے چند کالموں سے اپنے دعوے کی دلیل کے طور پر اقتباسات پیش کرتا مگر اس وقت ایسا ممکن نہیں ہے، ہاں کسی اور موقع پر ان کے کالموں کے حوالے سے گفتگو ہوگی تو ان کے کالموں کے اقتباسات بھی پیش کروں گا تا کہ قاری کو علم ہو کہ کالم کیسا ہونا چاہیے اور کالم نگار کیسے۔ میں کیفی صاحب کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ ان کے کھاتے میں مزید ایک کتاب کا اضافہ

ہو گیا ہے اور میرے خیال کے مطابق آبادی میں اضافے سے کہیں اچھا ہے کہ کتابوں میں اضافہ ہو۔ رہی بات اچھی اور بُری کتاب کی تو انسان جس دن اچھا ہو جائے گا ہر چیز اچھی ہو جائے گی۔ ابھی تو انہی معدودے چند اچھے انسانوں اور اچھی کتابوں سے حظ اٹھایئے جو دستیاب ہیں کہ یہ بھی اس دور میں بہت غنیمت ہے۔

معراج جامی

معین کمالی۔ سینئر صحافی، ادیب و کالم نگار

فخر الدین کیفی کی کتاب 'ایک غیر مطبوعہ کتاب' اور زیرِ طبع 'تلخ نوائی' کے درمیان تقریباً ایک سال کا وقفہ ہے۔ اسے وقفہ کہنا زیادتی ہی ہے کیونکہ وقفے میں سب کچھ ہوتا ہے لیکن تخلیق نہیں ہوتی۔ اب تخلیق کی تشریح کرنے کی بجائے ہم یہ بتا دیں کہ اس دوران ان کے کالم ہر ہفتے باقاعدہ روزنامہ ''نوائے وقت کراچی'' میں شائع ہوتے رہے ہیں اس لیئے ہمارا ان سے رابطہ نہیں ٹوٹا بلکہ دو ایک بار بالمشافہ ملاقات بھی رہی۔ یہاں ہم مختصراً غیر مطبوعہ کتاب کے بارے میں کچھ عرض کرنا ضروری سمجھتے ہیں کیونکہ اس پر کچھ نہ کچھ لکھنے کے ہم مقروض ہیں۔ ۔غیر مطبوعہ کتاب کو ہم نے پہلے تو سنجیدگی سے نہیں لیا تھا لیکن جب ایک نظر سرسری سی ڈالی تو پائے نگاہ میں زنجیر سی پڑ گئی اور پوری کتاب ہی پڑھتے بنی۔ کتاب کے منفرد اسٹائل اور نفس مضمون کے پیش نظر ہم یہ سمجھتے تھے کہ یہ فقط حادثاتی تخلیق ہے اور بس۔ لیکن جب ان کے کالم نظر سے گذرے تو ہمیں اپنا خیال بدلنا پڑا کہ ان میں صلاحیت کی کمی نہیں۔

کیفی کے کالموں میں ایک خوبی یہ بھی ہے کہ یہ فقط کالم خانہ پری کے لیئے نہیں لکھتے۔ بلکہ ان کے ہر کالم میں کوئی نئی بات، کوئی نیا پیغام تو ہوتا ہی ہے لیکن مزے کی بات یہ ہے کہ کوئی پرانی کہانی، کوئی لطیفہ یا کوئی شعر اس طرح کالم کی زینت بنتا ہے کہ قاری کو یاد ماضی کی ساری جھلکیاں نظر آنے لگتی ہیں۔ کبھی کوئی کہاوت تو کبھی کسی پرانی فلم کا کوئی سین۔ کبھی تاریخ کا کوئی بھولا بسرا کردار اس طرح سامنے آتا ہے کہ معلوم ہوتا کہ یہ بد کردار تو ابھی بھی زندہ ہے۔ بس۔ ع

ے نئے لباس میں نکلا ہے رہزنی کا جلوس

ان زندہ کرداروں کے سامنے میر صادق و میر جعفر طفل مکتب محسوس ہوتے ہیں۔ ان کے کالموں میں مخالفت برائے مخالفت نہیں ہوتی بلکہ ٹھوس دلیل ہوتی ہے کیفی کے کالموں کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ آپ کسی بھی مکتب فکر سے تعلق رکھتے ہوں۔ کسی بھی سیاسی پارٹی کے ہمنوا ہوں۔ آپ نفس مضمون سے متفق ہوں یا نہ ہوں آپ کالم کے انداز بیاں اور ٹریٹمنٹ سے ضرور متاثر ہو نگے۔ ہم تو یہاں تک کہنے کو تیار ہیں کہ کبھی کالموں کو ادب کی کسی صنف کا حصہ بننا نصیب ہوا تو کیفی کے کالموں کا اس میں بڑا حصہ ہوگا۔ اگر کسی کو ان کے کالموں

میں ادب کی چاشنی محسوس نہ ہوتو ہمارے خیال میں انہیں ان کالموں کو دوبارہ پڑھنا ہوگا۔ ہمیں یہ لکھنے میں کوئی عار نہیں کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کے کالموں کی شروعات اکثر وبیشتر کسی حکایت یا کسی بڑے فلسفی کے قول یا تاریخ کے کسی اہم واقعہ سے ہوتی ہے یا کسی انگریزی کے لفظ کی تشریح سے۔ کبھی وہ پرے سی ڈنٹ(president) اور پری سی ڈینٹ (precedent) کا موازنہ کرتے ہوئے وی وی آئی پی موومنٹ اور پھر پروٹوکول کے سائے میں بڑے کی آمد کا ذکر کرتے کرتے کسی چھوٹے کی رکشہ میں ولادت تک پہنچ جاتے ہیں تو کبھی شداد کی جنت کا تذکرہ کرتے ہوئے چک شہزاد کے محل کی یاسیت پر کف افسوس ملتے نظر آتے ہیں کہ بنوانے والے کو رہنا نصیب نہ ہوا۔ جعلی ڈاکٹریٹ کا معاملہ ہو یا ۵۶ کروڑ کی چوتھائی کا، حقائق مونہہ بولتے دکھائی دیتے ہیں کیونکہ یہاں ۵۶ کروڑ کی چوتھائی کی بھی چوتھائی حقیقت کا روپ دھارے کھڑی ہے۔ سٹھیائے ہوئے بچے کا ذکر ہو یا پٹواری گورنر کی حقیقت، جسونت سنگھ کا شکریہ ملحوظ خاطر ہو یا اس سے معذرت۔ ہر معاملے میں قاری کی دلچسپی برقرار رہتی ہے۔ ان کالموں میں ۲۰۰۷ء سے ۲۰۱۰ء تک کا ہر اہم معاملہ زیر بحث آیا ہے۔ عدلیہ، محسن پاکستان، وزرا کی دروغ گوئی۔ مسنگ پرسنز، ڈرون حملے اور نتیجتاً بے گناہ اموات۔ غرض کونسا شو ہے جو نہیں اٹھایا گیا۔ حتیٰ کہ انہوں نے نادرہ کو بھی نہیں چھوڑا۔ یہاں یہ واضح کرنا ضروری ہے کہ یہ فلمسٹار نادرہ کا ذکر نہیں ہے۔ اس لیئے اب ہم سمجھتے ہیں کہ قارئین پر اپنی رائے مسلط کرنے کی بجائے انہیں خود اپنی رائے بنانے کا حق دینے کہ لیئے درمیان سے نکل جانا چاہیئے۔ نہ کہ کسی پیشہ ور گائڈ کی طرح سیاحوں کو اپنی مرضی کے مطابق سیر کروائی جائے۔

آخر میں ہم یہ دہرانا پسند کریں گے کہ ''اللہ کرے زور قلم اور زیادہ''

جناب عثمان اجمیری۔

بیورو چیف روزنامہ نوائے وقت حیدرآباد

کیفی، کالم کے آئینے میں

فخرالدین کیفی کے بارے میں مختصراً ہم ان کی پہلی مطبوعہ کتاب ''ایک غیرطبوعہ کتاب'' میں عرض کر چکے ہیں اس لیئے ان کی بجائے ہم ان کے کالموں کے بارے میں عرض کرنا چاہیں گے۔ جب ہمیں معلوم ہوا کہ کیفی صاحب کچھ کالمز حالات حاضرہ پر لکھ تو رہے ہیں لیکن کسی بھی اخبار میں انہیں پذیرائی نہیں مل رہی تو ہم نے یہ ہی سوچا کہ اس قابل ہی نہ ہونگے۔ اتفاق سے انہوں نے ایک دن ہمیں اپنے چند کالم دکھائے لیکن ہم نے کوئی خاص دھیان نہ دیا۔ ہم لوگ روزانہ رات کو بلاناغہ ملتے ہیں اس لیئے اب یہ ہونے لگا کہ وہ جب بھی کچھ لکھتے ہمیں ضرور دکھاتے۔ ایک روز انہوں نے ایک کالم دکھایا جو بی بی کی شہادت کے بعد بریگیڈیر چیمہ کی پریس کانفرنس سے متعلق تھا۔ جسکے عنوان(BB.BC & BM) نے ہماری توجہ حاصل کرلی تو ہم نے پورا مضمون پڑھ ڈالا۔ کافی مزیدار تھا۔ اس کے بعد انہوں نے جب دوسرا کالم ''شرلاک ہومز اور اسکاٹ لینڈ یارڈ'' دکھایا تو ہمیں اپنی رائے بدلنی پڑی کیونکہ ان کے یہ دونوں کالم کسی بھی کالم نگار کے کالموں سے کم نہ تھے۔ چار پانچ اور کالم دیکھنے کے بعد ہم نے انہیں مشورہ دیا کہ یہ کالم مدیر اعلیٰ نوائے وقت جناب مجید نظامی صاحب کو ارسال کردیں۔ انہوں نے ہماری تجویز پر عمل کیا اور وہاں سے بڑا مثبت جواب آیا۔ پھر اس دن سے ان کے کالم نوائے وقت کراچی سے شائع ہونا شروع ہو گئے۔

کیفی کے کالموں میں جو بات ہمیں پسند ہے وہ انکا اسٹائل ہے۔ وہ بڑی سادگی سے اپنا مدعا بیان کرنے کے لیئے کسی محاورے۔ کسی شعر یا کسی لطیفے کا سہارا لے کر تلخ سے تلخ بات کو بھی بڑے ہی مزیدار انداز میں لکھ دیتے ہیں۔ جب کالم شروع کرتے ہیں تو پتہ ہی نہیں لگنے دیتے کہ کالم کس کے بارے میں ہے۔ کبھی شروع میں کسی فلمی گانے کی بات کرتے دکھائی دیتے ہیں لیکن پتہ ہی نہیں چلتا کہ کب اور کیسے کالم کا رخ بدل کر حالات حاضرہ کے کسی واقع سے جاملتا ہے۔ دوسری چیز جو ہمیں اچھی لگی وہ انکی حقیقت پسندی ہے۔ بڑی

سچائی سے لگی لپٹی رکھے بغیر اپنا موقف بیان کر دیتے ہیں۔ ایک روز ہم نے ان سے انکی سادہ نگاری کی وجہ پوچھی تو جواب تھا کہ سارے کالم نگار دانشور بھی ہیں اس لیئے عقل و دانش کا برملا اظہار کرتے ہیں جبکہ ہم عوامی سوچ والے ہیں اس لیئے ہم نے عوامی انداز اپنایا ہے پھر قہقہہ لگا کر بولے ''یار اجمیری صاحب! آج کل لوگ یہ دیکھتے ہیں کون کہہ رہا ہے یہ نہیں دیکھتے کیا کہہ رہا ہے۔ ہم عوام میں سے ہیں اس لیئے عقل و دانش سے پرہیز کرتے ہیں۔ بس اس شعر پر عمل کرتے ہیں۔ ع

جیب خالی ہو تو دانائی کی باتیں نہ کرو

ایسی باتوں کا بڑے لوگ برا مانتے ہیں

قاری ان کے خیالات سے متفق نہ بھی ہو تو کالم کے انداز تحریر سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ ہمیں یقین ہے اس مجموعے میں شاید ہی ایسا کوئی کالم ہوگا جو قاری کی دلچسپی کا باعث نہ بن سکے۔ اس لیئے اب ہم کتاب اور قاری کے درمیان سے ہٹنے کے لیئے اجازت لینا ضروری سمجھتے ہیں

وسلام

عثمان اجمیری

بیورو چیف نوائے وقت

مرزا فرحت عباس

چیرمین بزم شباب

تلخ نوائی اور تلخ نوا

فخرالدین کیفی کے بارے میں کیا لکھوں۔ ایک اچھا شاعر یا نثر نگار! طنز و مزاح نگار لکھوں یا کالم نگار! یہ خوبیاں ایک طرف۔ اس سے بڑھ کر ان کی خوبی یہ ہے کہ وہ ایک اچھے انسان ہیں۔ شیریں گفتار خلیق و ملنسار۔ سمجھ نہیں آتی کہ ان سے 'تلخ نوائی' کیسے سرزد ہو گئی۔ ان کی پہلی مطبوعہ کتاب 'ایک غیر مطبوعہ کتاب' اگر واقعتاً غیر مطبوعہ رہ جاتی تو اردو ادب کے ساتھ بڑی ناانصافی ہوتی۔ مذکورہ کتاب ہلکے ولطیف مزاح کی چاشنی اور طنز کے نشتر کی چبھن لیئے معاشرے کی اصلاح کے لیئے ایک بہترین کاوش ہے جو پڑھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ کتاب کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے لیکن بقول کیفی ''میرے لیئے اس کتاب کے شائع ہونے سے زیادہ خوشی کا باعث ڈاکٹر عبدالقدیر خان کا یہ جملہ "its a thought proving book" ہے جو انہوں نے کتاب کے بارے میں SMS پر ارسال کیا تھا۔ کیفی کی زیر نظر کتاب 'تلخ نوائی' ان کالموں کا مجموعہ ہے جو روزنامہ نوائے وقت میں ہفتہ وار شائع ہوتے ہیں۔ مجھے چونکہ سیاسی کالموں سے کوئی رغبت نہیں اس لیئے پڑھنے کی توفیق بھی نہیں ہوئی۔ مجھے کیا خبر تھی کبھی ایسا نادر شاہی حکم بھی آئے گا کہ مرزا صاحب ہمارے کالموں پر آپ کو بھی اپنی رائے دینی ہو گی اور جلد ہی، کیونکہ کتاب پریس میں جا رہی ہے۔ اب یہ کیسے کہتے کہ ہم نے تو پڑھے ہی نہیں کیا خاک رائے دیں۔ میں نے ڈرتے ڈرتے کہا بھئی اپنا مسودہ دکھلا دو، دو ایک روز میں حکم بجا لائیں گے۔ خیر کالم پڑھے اور افسوس کیا کہ اب تک کیوں نہیں پڑھے؟ ان کالموں نے ہمارا نظریہ ہی بدل دیا۔ سیاسی ہوتے ہوئے بھی کسی طور ادب سے عاری نہیں۔ ان کی تحریریں، حضرت علیؓ کے اس قول پر عمل پیرا ہیں کہ ''لفظ انسان کے غلام ہوتے ہیں مگر بولنے سے پہلے، بولنے کے بعد انسان اپنے لفظوں کا غلام بن جاتا ہے''۔ کیفی جو کچھ لکھتے ہیں اس سے یہ ہی ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت علیؓ کا یہ قول ان کے ذہن نشیں رہتا ہے۔ کیفی کے کالموں سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ پہلے تولتے ہیں پھر لکھتے ہیں۔ ان

کی تحریروں میں تحقیق، جانچ پڑتال نمایاں ہوتی ہیں۔ کوئی بھی بات بغیر دلیل کے لکھنے سے اجتناب تو کرتے ہی ہیں لیکن ان کی تحریروں میں جرات اور دلیری بھی نمایاں ہوتی ہے۔ یہاں میں علامہ اقبال کا ایک مصرعہ 'جدا ہو دین سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی' کا ذکر ضرور کروں گا کیونکہ اس دور پر یہ مصرعہ بالکل صادق آتا ہے۔ اب دین تو دور دور تک نظر نہیں آتا ہاں چنگیزیت اور بربریت جا بجا نظر آتی ہے۔ اب سیلاب کو ہی لے لیجیے۔ ہزاروں غرق آب ہوئے، معصوم بچے بہہ گئے لیکن جاگیرداروں کی جاگیریں بچ گئیں۔ اپنی زمین بچانے کے لیئے غریبوں کو مروا دیا۔ ارے زمین بچانی تھی تو دو گز کافی تھی۔ بقایا کا کیا کرو گے۔ ان ہی لوگوں کے لیئے حضرت علی نے فرمایا تھا۔ ''دنیا میں تم اس قدر مشغول ہو گئے کہ یہ بھی خبر نہیں کہ تمہارے کفن کا کپڑا بازار میں آچکا ہے'' میری بات آپ کو تلخ تو ضرور لگے گی کیونکہ میرے پاس کیفی جیسا انداز تو ہے نہیں کہ کچھ بھی نہ کہا اور کہہ بھی گئے۔ ان کی تحریروں کا یہ ہی تو کمال ہے کہ مختصر جملوں میں بڑی سے بڑی بات لکھ دیتے ہیں اور کسی کو تلخ بھی نہیں لگتی۔ اب یہ اور بات کہ انہوں نے خود ہی تلخ نوائی کا الزام اپنے سر لے لیا ہے ورنہ تلخ نوائی کے بجائے 'شیریں لب' کیا برا ہوتا۔ کیفی کے سیاسی کالم بھی انکی دوسری تحریروں کی طرح طنز و مزاح سے بھرپور ہوتے ہیں۔ آیئے ان کے چند کالموں پر نظر ڈالتے ہیں:

☆ جب رات کے پچھلے پہر چیف صاحب کی بحالی کا عندیہ ملا تو ہمیں حکومت کا وہی حال دکھائی دیا جو اس گاہک کا تھا جس نے کھایا پیا تو کچھ نہیں لیکن گلاس توڑنے کا مرتکب ضرور ہوا تھا اور خوبی دیکھیئے کہ ابھی اس گلاس کی کرچیاں سمیٹی بھی نہیں گئی تھیں کہ دوسرے گلاس کی قیمت بھی ادا کرنی پڑ گئی جب پنجاب حکومت بحال ہو گئی۔


☆ ایک ڈکٹیٹر نے لوٹ کھسوٹ کے بعد اپنے لیئے ایک محل بنوایا اور حکومتی خرچ پر (دروغ بر گردنِ راوی) اسلام آباد سے اس چک شہزاد تک ایک بیش قیمت سڑک بھی بنوائی لیکن قدرت خدا کی اس میں رہنا نصیب نہ ہوا اور اسے دیار غیر میں رہتے ہوئے اپنی غیر موجودگی میں آرمی ہاؤس سے اپنا سامان منتقل کروانا پڑا۔ انشااللہ یہ ابتدا ہے۔ ہمیں یقین ہے کسی نہ کسی کا خون تو رنگ لائے گا۔ کسی نہ کسی کی آہ تو لگے گی۔ رنگ لانے کے لیئے صرف لال مسجد میں ہی کافی خون ہے۔ بددعا کے لیئے ڈاکٹر عافیہ یا بیگم جنجوعہ ہی کافی ہیں۔

کیفی کے کالموں کے بارے میں مختصر ترین تبصرے کے طور پر ڈاکٹر انیس الرحمٰن ایڈوکیٹ کا یہ شعر پیش خدمت ہے ع

ے اک کرب کے سفر سے سدا لوٹ کر انیسؔ
کاغذ کو سونپتے ہیں خزانے خیال کے

ہمارے خلیفہء دوئم حضرت عمر فاروقؓ فرماتے ہیں کہ عمر کی خلافت میں فرات کے کنارے اگر کوئی کتا بھوکا مر جائے تو اللہ کے سامنے عمر جوابدہ ہوگا۔ میں کہتا ہوں حضور ایک نظر اپنے حکمرانوں کی طرف بھی۔ ان کے دور میں خود کش حملے/نمازیوں پر حملے اور اب سیلاب کی تباہ کاریوں کے نتیجے میں لاکھوں جانوں کا ضیاع۔ کیا یہ اللہ کے سامنے جوابدہ نہ ہونگے۔ ان حالات کو دیکھتے ہوئے کیفی کا ہی ایک شعر پیش ہے۔ ع

ے مجھ کو ہی نہیں، دل کو میرے، روح کو میری
بے چین جو کرتے ہیں وہ حالات بھلا دوں



امین جالندھری

افسانہ نگار، کالم نگار، مبصر

جھوٹ کا طوفان اور در بدر محبت

ایک انسان نے دوسرے سے پوچھا ’بھائی آپ نے زندگی میں پہلا جھوٹ کب بولا‘۔ دوسرے نے جواب دیا ’جس دن میں نے یہ اعلان کیا کہ میں ہمیشہ سچ بولتا ہوں‘۔ میں اس معاشرے میں بدقسمتی سے سانس لے رہا ہوں جہاں اب تکلفاً بھی سچ نہیں بولا جاتا۔ آپ ذرا غور فرمائیں کہ ہزاروں کی تعداد میں لوگ ہر روز دعائیں مانگتے ہیں، وہ منظور اور پوری نہیں ہوتیں۔ کیوں؟ اس لیئے کہ ہم اپنے سارے کام نمائشی کرتے ہیں۔ نام ونمو کی خاطر۔ شہرت کے لیئے۔۔بس اپنی ’ناک‘ کو اونچا رکھنے کے لیئے۔۔دوسری طرف ہمارا معاشرہ بری طرح سے کرپشن سے لت پت ہے۔ اصلاح صورت احوال کے لیئے ہر جانب سے جھوٹ کا سہارا لیا جا رہا ہے۔ بے پر کی اڑائی جا رہی ہے۔ افواہوں کی ’فیکٹری‘ میں نت نئی سوغاتیں سامنے آ رہی ہیں۔ طرفہ تماشہ یہ ہے کہ اب ’ڈاکو‘ بھی انقلاب کی باتیں کرنے لگے ہیں۔ دولت کی چوہا دوڑ نے ’انسانیت‘ کو بری طرح سے کچل کر رکھ دیا ہے۔ محبت در بدر پھر رہی ہے۔۔کیوں؟ اس کا جواب ’جھوٹے‘ اس طرح سے دیتے ہیں کہ مکاری، ہنر ٹھہرتی ہے۔ ملاحظہ فرمائیے

☆ وطن عزیز کے چپے چپے پر ہر جانب سکون، امن اور سلامتی اپنے جملہ لوازمات کے ساتھ موجود ہے۔

☆ وطن عزیز کے ہر فرد کو تمام تر آزادی حاصل ہے۔☆ وطن عزیز کے تمام ادارے اپنے فرائض خوش اسلوبی سے سرانجام دے رہے ہیں اور سب کرپشن سے پاک ہیں۔☆ تمام تعلیمی اداروں میں طلبا کو حقیقی تعلیم دی جا رہی ہے۔ کاپی کلچر کا رواج قطعی نہیں

☆ ملک کے ابلاغ عامہ کے نمائندے، میڈیا کے لوگ ہر مظلوم پر ہونے والے ظلم پر نوحہ کناں ہیں۔☆ ہر فرد کو صحت عامہ کے حوالے سے تمام سہولیات کما حقہ، حاصل ہیں

☆ نوجوانوں کو ہر روز نت نئی آسامیوں کے ذریعے سے ملازمت فراہم کی جا رہی ہے۔☆ اہل سیاست ہر لمحہ عوام کی خدمت میں جتے ہوئے ہیں

☆ خوف خدا اور قانون کی حکمرانی کی بدولت ملک میں ظلم وزیادتی، لوٹ مار، بھتہ خوری، ٹارگٹ کلنگ دور دور تک نظر نہیں آتی۔ غرض کہ یہاں وہ تمام خوبیاں موجود ہیں جو کہ ایک مثالی معاشرے کے لیئے ضروری ہیں۔۔جی ہاں! یہ سب کہیں پڑھا تو ہے بس دیکھنے کی ہوس باقی ہے۔ جھوٹے، دغاباز، فریبی، رشوت خور، وطن فروش نہ جانے کیسے عیش وعشرت کر رہے ہیں اور تہذیب وتمدن کے ’جثے‘ پر بدنما داغ لگا رہے ہیں۔ مجھے یہ کہنے میں قطعی کوئی عار نہیں کہ موجودہ عصر میں سچ اور سچے کی قدر نہیں۔ تب ہی تو معاشرہ جوالہ مکھی بنا ہوا ہے۔۔۔یقین نہ آئے تو دیکھیے۔۔ایک فرد فرید، مخلص وغم گسار، پیکرِ علم۔ فخرالدین کیفی نے کس خوبی سے ہمارے معاشرتی احوال پر ’گرہ‘ لگائی ہے حاملان ادب، واقفان تہذیب وتمدن اش اش کر اٹھے۔۔فخرالدین کیفی کون ہیں؟ اس کا احوال آگے آئے گا، فی الحال ان کے ’’کالموں‘‘ سے چند پند سود مند۔۔مفت۔۔یارانِ نکتہ داں کے لیے پیش، خدمت ہیں

(تجربہ):۔ پانی کو شیشے کے گلاس سے پینے میں جو لطف ہے وہ اسٹیل کے گلاس سے پینے سے بالکل مختلف ہوتا ہے۔ چاندی کے کٹورے میں پینے سے لطف بڑھ جاتا ہے۔ آب خورے سے پیا جائے تو لطف دوبالا ہو جاتا ہے اور اس ہی پانی کو آپ چائے کے کپ میں پئیں گے تو بدمزہ محسوس کریں گے۔۔چھوٹے مونہہ کے کپ میں چائے وہ مزہ نہیں دیتی جو کھلے مونہہ کے کپ سے پینے میں ملتا ہے۔ چائے پیالے میں پی جائے تو کیا کہنے۔۔اس ہی لیئے کیفے ’’پیالہ‘‘ مشہور ہو رہے ہیں۔**(تہذیب وتمدن)**:۔ کچھ لوگ چائے ’ساسر‘ میں انڈیل کر پیتے ہیں لیکن اس طرح پینے میں آداب مجلس کا سوال کھڑا ہو جاتا ہے۔ اب آداب

کیا ہیں اس کا تعین کون کرے گا؟ جو اعلیٰ (Upper) کلاس میں رائج ہے وہی آداب مجلس ہے۔ جو چیز بڑے گھرانوں میں رائج وہ تہذیب کا حصہ ہے اور غریب کے ہاں جہالت کا درجہ پاتی ہے۔**(استدلال)**:۔۔۔رہ گئے طالبان تو ان کو انٹرنیٹ سے کھیلنے کی فرصت کہاں؟

اس ہی لیے تو ہلیری کلنٹن کو تشویش ہے کہ پاکستانی ایٹم بم طالبان کے ہاتھ نہ لگ جائے۔ یہ تو وہی بتا سکتی ہیں کہ وہ اسے استعمال کیسے کریں گے۔ کیا کسی راکٹ لانچر کو کاندھے پر رکھ کر ایٹم بم داغا جا سکتا ہے۔ یا امریکہ نے خفیہ طور پر F-16 طالبان کو دے رکھے ہیں۔**(ترجمان)**:۔فوزیہ وہاب نے ایک ہی سانس میں ایسے ایسے انکشافات کئے ہیں کہ ان کا شکریہ ادا کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں۔انہوں نے ایک اینکر پرسن کو رحمٰن ملک کے حوالے سے بتایا کہ ۱۵ مارچ کے لانگ مارچ کے لیئے نواز شریف، امریکہ کی اس یقین دہانی پر باہر نکلے تھے کہ تمام رکاوٹیں ہٹا دی گئی ہیں۔ یہ بھی بتایا کہ امریکی سفیر کا صبح ہی صبح رحمٰن ملک کو فون آیا کہ نواز شریف کو گرفتار مت کرنا۔ملک صاحب نے ایسا ہی کیا۔امریکن سفیر نے کوئی ڈکٹیشن نہیں دیا اور ملک صاحب نے فقط احترام میں این پیٹرسن کی بات مانی۔**(تازہ ہوا کے جھونکے)**:۔فخرالدین کیفی کے کالم اپنے اندر، ندرتِ خیال۔ رعنائِ فکر، گہرائی و گیرائی لیئے ہوتے ہیں۔ کیفی اپنے کالموں میں اکثر خوبصورت تخلیقی امر کے حامل جملے استعمال کرتے ہیں، جن کی بدولت، کالموں میں اثر پذیری کا عنصر بڑھ جاتا ہے۔ ملاحظہ فرمائیے چند جملے:۔

☆۔گراؤنڈ ریلیٹی (Ground reality) کا استعمال ہم نے ''دورِ مشرفی'' (دورِ پرویزی) میں سیکھا۔فنڈامینٹلزم (fundamentalism) کو ایک برائی کے طور پر بھی اس ہی دور میں پیش کیا گیا۔☆۔سبزی خور کو تو کہتے ہیں ویجی ٹیرین(vegetarian) لیکن آدم خور کو ہیومن ٹیرین(humanitarian) نہیں کہتے۔☆۔آج جتنا امریکی نمائندے ہمارے ملک میں رہتے ہیں اتنا تو ہمارے لیڈر بھی یہاں نہیں رہتے۔

☆۔ ہمارے پشاور اور اس کے گرد و نواح کے برادران اسلام نے تو اب وہ چشم بینا حاصل کر لی ہے کہ انہیں رمضان اور عید کا چاند ایک دن پہلے ہی نظر آجاتا ہے۔

☆۔ چاند نہ ہونے کی صورت میں تو دعویٰ کیا جا سکتا ہے کہ چاند ہو گیا، آپ کو نظر نہیں آیا تو ہم کیا کریں۔

☆۔مسلمانوں میں اچھا ہو تو امیر، برا ہو تو فقیر اور مر گیا تو پیر۔ جبکہ ہندوؤں میں اچھا ہو تو سپوت، برا ہو تو کپوت اور مر گیا تو بھوت۔☆۔شہنشاہ عالمگیر تو دیندار تھا اس نے حج ضرور کیا ہو گا، لیکن کہیں پڑھا نہیں۔

